چوہا اور ڈرپوک لوگ

Original Publisher: Pratham Books
Author: Sowmya Rajendran
Illustrator: Tanaya Vyas
Translator: Sheen Bano

گھر میں ایک چوہا آگیا، دادی ماں نے اُسے سب سے پہلے دیکھا۔
"چوہا!" وہ چیختی ہوئی صوفہ پر چڑھ گئیں۔ سب گدیاں نیچے گر گئیں۔

”کہاں؟“ پاپا نے کھڑکی پر چڑھتے ہوئے پوچھا۔ اُنہوں نے پردے نیچے گرا دیئے۔

”وہاں!“ وہ میز پر چڑھتے ہوئے چلائیں، اور دھڑام سے سب پلیٹیں نیچے گر گئیں۔

"اسے پکڑو!" موٹو نے بلی سے کہا۔ بلی نے چوہے کو دیکھا اور بستر کے نیچے گھس گئی۔

"چوہا!" موٹو چیخا ، اور بلی کے پیچھے دوڑتا ہوا چلا گیا۔

"میں اسے باہر نکال دونگی!" ماں نے بہادری سے کہا۔

اُنہوں نے جھاڑو نکالی اور ادھر اُدھر مارنا شروع کیا۔

"چوہا!" پاپا چلائے۔ "تمہارے پیچھے!" ماں نے چوہے کو دیکھا، اور بستر کے نیچے چھپ گئیں۔

“مجھے معلوم ہے کیا کرنا ہے!” دادی جی نے چلاتے ہوئے کہا اور صوفہ سے نیچے اُتریں۔

اُنہوں نے اخبار کا گول گول ایک رول بنایا اور ادھر اُدھر مارنا شروع کیا۔

"چوہا!" پاپا چیخے اور کھڑکی پہ اور آپر چڑھ گئے۔

"تمہارے بائیں طرف!" دادی ماں نے چوہے کی طرف دیکھا اور بستر کے نیچے بھاگ گئیں۔

“ارے نہیں !” پاپا نے آہستہ سے کہا، وہ اوراوپر نہیں چڑھ سکتے تھے۔
وہ خاموشی سے نیچے اُترے اور اس سے پہلے کہ چوہا اُنہیں دیکھے بستر کے نیچے گھس گئے!

‘‘گھر میں چوہا ہے !’’ سب ایک ساتھ چیخے۔ شور نے چھوٹی بے بی کو اُٹھا دیا۔
وہ آنکھیں ملتی ہوئی سوتے سے اُٹھ کر چٹائی پر بیٹھ گئی۔ ارے ! اسکے تکیہ پر وہ کیا تھا؟

اُسکے دو آنکھیں تھیں، چار پیر اور ایک لمبی دُم۔ "چوہا!" بے بی نے خوشی سے تالی بجاتے ہوئے کہا۔

بے بی نے چوہے کی طرف دیکھا، چوہا بھاگا اور بے بی اُسکے پیچھے بھاگی!

صوفہ پر کودا، کھڑکی پر چڑھا، میز پہ چڑھا اور صوفہ کی گدی پر پھسلتا ہوا...

پردوں کے بیچ میں دوڑتا اور پلیٹوں کو ادھر اُدھر گراتا ہوا چوہا دروازے سے باہر بھاگ گیا!

Story Attribution:

This story: چوہا اور ڈرپوک لوگ is translated by Sheen Bano . The © for this translation lies with REHMA, 2019. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Mouse in the House', by Sowmya Rajendran . © Pratham Books , 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: Mouse perched on grandmother's back, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Grandmother on sofa, pointing to a mouse, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Man and woman alarmed as mouse gets on the table, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Boy and cat trying to catch the mouse, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Mother trying to chase the mouse with a broom, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Grandmother with a rolled up newspaper in her hand, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Family searching for something under the bed , by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Startled man, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Baby laughing at the sight of a mouse, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Baby crawling behind a mouse, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

چوہا اور ڈرپوک لوگ
(Urdu)

گھر میں ایک چوہا آجاتا ہے۔ سب لوگ ڈر کر بستر کے نیچے چھپ جاتے ہیں۔ ڈرپوک لوگ!
لیکن تم لوگ نہیں ڈرنا، ورنہ پورا گھر اُلٹا پُلٹا ہو جائیگا۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.